# 01-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کینیڈا اور فرانس کے ہائی کمشنرز سے ملاقات کے دوران ریاست میں انڈسٹریز، تعلیم، سائنس وٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔

۲۔ تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ نے کہا کہ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ اور انہیں بروقت انصاف فراہم کرنا عدلیہ کا اصل مقصد ہونا چاہیئے۔

۳۔ سکریٹری وزارت اطلاعات ونشریات سنجے جاجو نے کہا ہے کہ میڈیا اور تفریحی شعبہ کو WAVES BAZAR سے کافی فائدہ ہوگا۔ انہوں

۴۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران مشرقی وسطی خلیج بنگال میں کم دباو کا علاقہ بننے کا امکان ہے۔

## INTERMEDIATE FEES

انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحانات کی فیس کی وصولی آج سے شروع کردی گئی ہے۔ بغیر دیرانہ کے فیس داخل کرنے کی آخری تاریخ اس ماہ کی 14 تاریخ ہوگی۔ 100 روپئے دیرانہ کے ساتھ فیس داخل کرنے کی آخری تاریخ 16 سے 24 نومبر، 500 روپئے دیرانہ کے ساتھ فیس داخل کرنے کی آخری تاریخ 26 نومبر سے یکم دسمبر تک ہوگی جبکہ دو ہزار روپئے دیرانہ کے ساتھ فیس داخل کرنے کی آخری تاریخ 10 دسمبر سے 15 دسمبر تک ہوگی۔

## WEATHER

ہندوستانی محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران مشرقی وسطی خلیج بنگال میں کم دباو کا علاقہ بننے کا امکان ہے۔ اس کے زیر اثر دونوں تلگو ریاستوں تلنگانہ اور اے پی میں بعض حصوں میں شدید بارش کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں گرج وچمک کے ساتھ بارش ہوگی۔

NALGONDA

کلکٹر آئیلا تر یپاٹھی نے کہا ہے کہ 2653 میٹرک ٹن دھان جو نلگنڈہ ضلع میں طوفان کی وجہ سے گیلی ہوگئی ہے، خریدی گئی ہے اور ابلے ہوئے چاول ملز میں منتقل کئے گئے ہیں۔کلکٹر نے انکشاف کیا کہ طوفان کے اثر کی وجہ سے ضلع کے دس منڈلوں میں مختلف خریداری کے مراکز میں تقریبا 4600 میٹرک ٹن دھان گیلی ہوگئی تھی۔انہوں نے کہا کہ کسانوں نے کچھ دھان خشک کرکے باقی گیلی دھان کو فروخت کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جن کسانوں نے دھان کو فروخت کیا ہے ان کی تفصیلات ٹیب انٹریز کے ذریعہ درج کی گئی ہیں اور ان کی واجب الادا رقم ان کے بینک کھاتوں میں جمع کروادی گئی ہے۔کلکٹر نے مشورہ دیا کہ کسان اپنی فصل کو سرکاری خریداری کے مراکز پر فروخت کرتے ہوئے مکمل اقل ترین امدادی قیمت حاصل کر سکتے ہیں۔

WAVES BAZAR

سکریٹری وزارت اطلاعات ونشریات سنجے جاجو نے کہا ہے کہ میڈیا اور تفریحی شعبہ کو WAVES BAZAR سے کافی فائدہ ہوگا۔انہوں نے حیدرآباد میں جاری INDIA JOY 2025 کانفرنس میں WAVES BAZAR کا آغاز کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ بازار جو تفریحی شعبہ کو کافی فائدہ پہنچائے گا، دیکھنے والوں اور خریداروں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر لانے میں مدد کرے گا۔انہوں نے کہا کہ او ٹی ٹی خریدار بھی اس بازار کے پلیٹ فارم پر آسکتے ہیں اور تمام زبانوں میں مناسب مارکٹنگ کی سہولیات حاصل کر سکتے ہیں۔

SOUND BYTE JAJU

RAJANNA SIRSILLA

کلکٹر راجنا سرسلہ ضلع   گریما اگروال نے کہا ہے کہ طب اور صحت کے عملہ کو سرکاری دواخانوں میں نارمل زچگی کی تعداد میں اضافہ کے لئے اقدامات کرنے چاہیئے۔انہوں نے ویمل واڑہ منڈل کے ہنماجی پیٹ میں واقع بنیادی صحت کے مرکز کا اچانک معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حاملہ خواتین میں سرکاری اسپتالوں میں نام درج کروانے اور مسلسل طبی معائنوں کے بارے میں بیداری پیدا کی جائے۔انہیں سرکاری اسپتالوں میں زچگی کے لئے ترغیب دی جائے۔انہوں نے تجویز پیش کی کہ آشاورکرس کے ساتھ اجلاس منعقد کیا جائے اور موسمی امراض ، حفظان صحت کے بارے میں مناسب بیداری پیدا کی جائے۔

ISRO

ہندوستانی خلائی تحقیقاتی ادارہ اسرو ایک اور بڑے خلائی مشن کے لئے تیار ہے۔انتہائی وزنی سیٹلائٹ کو خلا میں لے جانے کی صلاحیت رکھنے والا ایل وی ایم۔3 ایم 5، مارک 3 راکٹ کو اتوار کی شام 5 بج کر 26 منٹ پر سری ہری کوٹہ کے دوسرے لانچ پیڈ سے فضا میں روانہ کیا جائے گا۔اس مشن کے ذریعہ سی ایم ایس 03 مواصلاتی سیٹلائٹ کو مدار میں چھوڑنے کی تیاری مکمل کر لی گئی ہے۔اس کے لئے الٹی گنتی 25 گھنٹے 30 منٹ تک جاری رہے گی۔اس کے بعد راکٹ 4,400 کلوگرام وزنی سیٹلائٹ کو لے کر خلا کی سمت روانہ ہوگا اور 16.09 منٹ بعد اسے مقررہ مدار میں نصب کیا جائے گا۔قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اسرو کی جانب سے پہلی بار اتنے وزنی (4,400 کلوگرام) مواصلاتی سیٹلائٹ کو خلا میں چھوڑا جا رہا ہے۔

Aadhaar Update

آج سے آدھار کی تفصیلات میں تبدیلی سے متعلق نئے ضوابط نافذ ہوگئے ہیں۔اب شہری اپنا نام، پتہ، تاریخ پیدائش اورفون نمبرآدھارسروس سنٹر گئے بغیر، گھر بیٹھے آن لائن کے ذریعے صرف 75روپے فیس ادا کرکے درست کرسکتے ہیں۔تاہم، انگلیوں کے نشانات، آئرس اور تصویر کی اپ ڈیٹ کے لیے شہریوں کو لازمی طور پر آدھارسروس سنٹر جانا پڑے گا۔مزید برآں، آدھار کو پین کارڈ سے جوڑنے کی آخری تاریخ 31دسمبر 2025 مقرر کی گئی ہے۔حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ مقررہ وقت سے پہلے یہ عمل مکمل کرلیں۔

karimnagar Dist

کریم نگر کی ضلع کلکٹر پمیلا ستپتی نے بتایا کہ مرکزی حکومت نے 10سال سے زائد عرصہ سے غیر دعویدار بینک کھاتوں میں جمع رقم کو واپس حاصل کرنے کے لیے ایک خصوصی آگاہی مہم کا آغاز کیا ہے۔تلنگانہ میں اپنی نوعیت کی یہ پہلی مہم ’آپ کا پیسہ، آپ کا حق‘ کے عنوان سے کریم نگر کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں منعقد کی گئی۔اس موقع پر کئی بینک کھاتہ داروں نے شرکت کی۔کلکٹر نے بتایا کہ گزشتہ دس برسوں سے غیر فعال بینک اکاؤنٹس میں موجود رقوم ریزرو بینک آف انڈیا کے دائرہ اختیار میں منتقل ہوچکی ہیں۔ایسی رقوم کو واپس حاصل کرنے کے لیے مرکزی وزارتِ فینانس نے تین ماہ پر مشتمل آگاہی پروگرام شروع کیا ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

Sound Byte. Pamela Satpathy

Mulugu District

تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ نے کہا کہ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ اور انہیں بروقت انصاف فراہم کرنا عدلیہ اور عدالتوں کا اصل مقصد ہونا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ آئین ہند کے آرٹیکل 21 کے مطابق ہر شہری کو انصاف فراہم کرنا عدالتوں کی ذمہ داری ہے۔چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ ایس پی آفس کے احاطے میں مجوزہ ملوگو ضلع عدالت کی عمارت کے سنگِ بنیاد تقریب میں ورچوئلی شریک ہوئے۔اس موقع پر تلنگانہ ہائی کورٹ کے جج جسٹس وینو گوپال،جسٹس راجیشور راؤ اور ضلع جج سوریہ چندرا کلا بھی موجود تھے۔

MLA Defection Case

تلنگانہ اسمبلی کے سکریٹری نے سپریم کورٹ سے درخواست کی ہے کہ پارٹی سے انحراف کے الزامات کا سامنا کرنے والے 10 اراکین اسمبلی کی نااہلی سے متعلق سماعت مکمل کرنے کے لیے مزید دو ماہ کی مہلت دی جائے۔اس سلسلے میں اسمبلی سکریٹری کی جانب سے سپریم کورٹ میں ایک درخواست دائر کی گئی ہے۔واضح رہے کہ بھارت راشٹرا سمیتی نے ان منحرف اراکین اسمبلی کی نااہلی کے لیے درخواستیں دائر کی تھیں۔چیف جسٹس آف انڈیا کی زیر قیادت قائم بنچ نے 31 جولائی کو فیصلہ سناتے ہوئے ہدایت دی تھی کہ اسپیکر تین ماہ کے اندر یعنی 31 اکتوبر تک اس معاملے پر اپنا فیصلہ سنائیں۔اسمبلی سکریٹری نے عدالت کو مطلع کیا کہ اب تک چار اراکین اسمبلی کے نااہلی مقدمات کی سماعت مکمل ہو چکی ہے اور فیصلے محفوظ کر لئے گئے ہیں۔

Kavitha

تلنگانہ جاگروتی کی ریاستی صدر کے کویتا نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حالیہ بارش سے نقصان اٹھانے والے کسانوں کو فی ایکڑ 50 ہزار روپے معاوضہ ادا کیا جائے۔ جاگروتی جنم باٹ پروگرام کے حصے کے طور پر کویتا نے ضلع کریمنگر کے تماپور منڈل کے مکتاپلی گاؤں میں جاکر متاثرہ دھان کی فصلوں کا معائنہ کیا۔

DRDL

سینئر سائنسدان اے راجو کو ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ لیبارٹری، حیدرآباد کا ڈائریکٹر مقرر کیا گیا ہے اورانہوں نے اپنا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ ڈی آر ڈی ایل، ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام میزائل کامپلکس کے تحت ایک ممتاز ڈی آر ڈی او لیبارٹری ہے، جو ملک کے میزائل ترقیاتی پروگراموں کے لئے جدید ترین دفاعی نظاموں کے ڈیزائن، تیاری اور فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اے راجو نے عثمانیہ یونیورسٹی کے یونیورسٹی کالج آف انجینئرنگ سے میکانیکل انجینئرنگ میں بی ای اور آئی آئی ٹی ممبئی سے ایم ٹیک ایروناٹیکل انجینئرنگ میں ڈگری حاصل کی ہے۔

CM Meeting

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کینیڈا اور فرانس کے ہائی کمشنرز سے ملاقات کے دوران انہیں ریاست میں انڈسٹریز، تعلیم، سائنس وٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔ آج کینیڈا کے ہائی کمشنر کرسٹوفر کوٹر اور فرانس کے قونصل جنرل مارک لامی کی ٹیموں نے وزیراعلیٰ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر آئی ٹی، فارما، ایرواسپیس، ڈیفنس اور اربن انفراسٹرکچر کے شعبوں میں ریاست میں سرمایہ کاری کے امکانات پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اس موقع پر حیدرآباد میں فرانسیسی بیورو کے دفتر کو مزید مستحکم بنانے کی درخواست بھی کی۔

○○